طنز و مزاح

# زبان میری ہے بات اُن کی

ساغر اقبالی

O میں ۵۰ سال میں ذاتی گھر بھی نہیں بنا سکا۔ (غلام اسحاق خان)

O ۲۵ لاکھ کی کار لی اور صرف ۱۳ لاکھ کی ڈیوٹی معاف کرائی۔

O ہمارے صوفیوں کی سیاست کی سوئی عورت کی حکمرانی پر اٹکی ہوئی ہے۔ (مولانا فضل الرحمن)

اور آپ کی سیاست کی سوئی اقتدار کی رانی پر اٹکی ہوئی ہے۔

O منصفانہ انتخابات ہی سیاسی بحران کا واحد حل ہیں۔ (بے نظیر)

اب تو "شفاف" انتخابات نے بھی ثابت کر دیا ہے کہ مسائل سلجھنے کی بجائے الجھ گئے ہیں۔

O پاکستان کی سیاست میں دینی قوتوں کا "ہوا" ختم ہو گیا ہے۔ (مبصر بی بی سی)

بتاؤں آپ کو مرنے کے بعد کیا ہو گا
پلاؤ کھائیں گے احباب فاتحہ ہو گا

O پچھلی حکومت نے خزانہ لوٹا، پیپلز پارٹی حساب لے گی۔ (سابق وزیر خزانہ شاہ محمود)

آپ سابق حکومت میں صوبائی وزیر خزانہ تھے "شرم تم کو مگر نہیں آتی"۔

O قرضہ معاف کرانا کوئی جرم نہیں۔ (غلام احمد مانیکا)

غریبوں کے لئے جرم ہے، مال زادوں کے لئے نہیں۔

O سردار احمد علی انتقال کر گئے۔ (ایک خبر)

"سردار آصف سنگھ" زندہ ہیں!

O پنجاب میں تیس دن کے اندر بدمعاشی، رشوت اور سنگین جرائم کا خاتمہ کر دوں گا۔ (مصطفٰے کھر)

راہ چلتی شریف زادیوں کو پھر اٹھوانا شروع کر دوں گا۔

O میں حضرت خدیجہؓ اور حضرت فاطمہؓ کی ادنٰی پیروکار ہوں۔ (بے نظیر)

اور اسی کا نام "تقیہ" اور فریب ہے۔

O عہدہ نہیں انسان بڑا ہوتا ہے۔ (وسیم سجاد)

انسان نہیں۔ اللہ بڑا ہے۔

O بے نظیر نے قریبی ساتھیوں اور جماعتوں کو دھوکا دیا۔ (معراج محمد خان)

"سب کچھ لٹا کے ہوش میں آئے تو کیا کیا؟"

O انتخابات منصفانہ ہوتے ہیں۔ ضروری نہیں کہ میں پیپلز پارٹی کا ساتھ دوں۔ (نوابزادہ نصر اللہ خان)

ہوشیار، خبردار! سیاسی اتحاد کا الارم ہے۔

O تحریک نفاذِ فقہ جعفریہ نے مولانا فضل الرحمٰن کا ساتھ دیا (ایک خبر)

سپاہ صحابہ کے لئے لمحۂ فکریہ

O نواز شریف اور بے نظیر مخلوط حکومت اچھی رہے گی۔ (معین قریشی)

مخلوط و اختلاط میں رہنے دو انتشار

ورنہ "جیالے" یار کو ترسیں گے یار لوگ

O قرض دار ہیں نہ لٹیروں کے شراکت دار۔ (مصطفےٰ کھر)

تہمینہ درانی کی کتاب "مینڈا سائیں" کے بعد یہ بیان ۔۔۔۔ ڈوب مرنے کا مقام ہے۔

O سابق وزیر اعلیٰ پنجاب غلام حیدر وائیں کو قتل کر دیا گیا (ایک خبر)

جمہوری نظام کا انتخاب سے پہلے تحفہ۔

O نواز شریف کے نزدیک عوام کی حیثیت سکریپ سے زیادہ نہیں۔ (بے نظیر)

بے نظیر کے نزدیک بھی عوام کی حیثیت سکرٹ سے زیادہ نہیں۔

O جتوئی کے ساتھ ان کے بیٹے کو بھی نااہل قرار دے دیا گیا۔ (ایک خبر)

جیہو جیا راے ونڈ۔ اوہو جیا اگلا بنڈ۔

O اسلم گورداسپوری مسلم لیگ میں شامل ہوگئے۔ (ایک خبر)

O اسلم گورداسپوری ۴۸ گھنٹے کے اندر پیپلز پارٹی میں واپس آگئے۔ (دوسری خبر)

دو ہی لمحے گزرے ہیں کسی پہ کٹھن اک تیرے جانے سے پہلے اک تیرے آنے کے بعد

O نواز شریف کچھ عرصہ مزید حکومت میں رہتے تو عوام اشیائے صرف دیکھنے کو ترس جاتے (بے نظیر)

بے نظیر تمام اشیاء مفت مہیا کریں گی۔

O "ہر عورت بے نظیر ہے"۔ (ترجمان پیپلز پارٹی)

بے حیائی کی تصویر ہے۔

O مذہبی جماعتوں کو انتخابات میں عبرتناک شکست (ایک اخباری مبصر)

عبرتناک نہیں "شرمناک" بی بی جمہوریت سے علماء کرام کے متعہ کا منطقی نتیجہ

O مولانا فضل الرحمٰن حکومت بنانے میں پھر بے نظیر کا ساتھ دیں گے۔ (ایک خبر)

اور جمعیت علماء اسلام کے امیر مولانا عبداللہ درخواستی اور قائم مقام امیر مولانا اجمل خان عورت کی حکمرانی کے خلاف اسمبلی سے باہر جہاد کریں گے۔

O حکومت ہم بنائیں گے (بے نظیر)

O حکومت ہم بنائیں گے۔ (نواز شریف)

دستِ قاتل میں ہے تلوار خدا خیر کرے